## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد 26 ،27 مئی 1990ء کے شہداء کی 20 ویں برسی کے موقع پر
## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی کی گئی
## اراکین رابطہ کمیٹی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور ایم کیوایم یوکے ذمہ داران کی شرکت

لندن۔۔۔ 27 مئی 2010ء

سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد 26 ،27 مئی 1990ء کے شہداء کی 20 ویں برسی کے موقع پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی کی گئی جس میں اراکین رابطہ کمیٹی ،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور ایم کیوایم یوکے ذمہ داران نے شرکت کی۔اس موقع پر سانحہ پکا قلعہ کے شہداء کوخراج عقیدت پیش کیا گیا اور سانحہ پکا قلعہ کے شہداء سمیت تحریک کے تمام شہیدوں کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، تحریک کی کامیابی وکامرانی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کی 20 ویں برسی آزادکشمیر سمیت ملک بھر میں منائی گئی
## صوبائی وضلعی دفاتر میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے

کراچی۔۔27/مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 20 ویں برسی جمعرات کو ملک بھر میں عقیدت واحترام سے منائی گئی اوراس سلسلے میں کراچی وحیدرآباد سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا کے علاوہ آزادکشمیر اور گلگت بلتستان میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے بعد نماز ظہر تا عصر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے اور شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد کراچی میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز انیس احمد قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس، واسع جلیل، کنور نوید جمیل، ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی، شاہد لطیف، سلیم تاجک، نیک محمد، کیف الوریٰ، سید شاکر علی، قاسم علی رضا، حق پرست عوامی نمائندے، سابق بلدیاتی نمائندے، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، علاقائی سیکٹرز ویونٹس کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اسی طرح حیدرآباد سمیت صوبہ سندھ تمام زونز، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاوہ آزادکشمیر اور گلگت بلتستان میں قائم ایم کیوایم صوبائی وضلعی دفاتر میں بھی شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے جس میں حق پرست نمائندوں، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔

## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کی 20 ویں برسی کراچی سمیت پنجاب بھر میں منائی گئی
## شہداء کے ایصال ثواب کیلئے لاہور زون آفس اوراس سے متعلقہ اضلاع میں فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے۔

لاہور۔۔۔27 مئی، 2010

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 20 ویں برسی کراچی سمیت پنجاب میں منائی گئی اس موقع پر لاہور زون آفس میں فاتحہ خوانی کی گئی پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا، فاتحہ خوانی میں سانحہ پکا قلعہ کے شہداء کیلئے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی، اسی طرح لاہور زون کے متعلقہ اضلاع اوکاڑہ، نارووال، قصور، ننکانہ صاحب اور شیخوپورہ میں بھی فاتحہ خوانی کی گئی جس میں ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن سید افتخار علی نے تلاوت کلام پاک کی اور دعا کی کہ اللہ تعالی شہداء کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائیں بعدازاں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عمردرازی کیلئے بھی دعا کی گئی فاتحہ خوانی میں لاہور زون کے انچارج، جوائنٹ انچارج کمیٹی ممبران اور کارکنان نے بھی شرکت کی۔

## ملیر میں مسلح دہشت گردوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کونذرآتش کردیا، ڈرائیور شدید زخمی
## کالابورڈ کے علاقے میں کے کے ایف کی ایمبولینس کونذرآتش اورڈرائیورکوزخمی کرنے کا واقعہ کھلی دہشت گردی ہے
## واقعہ کانوٹس لیاجائے اورملزمان کوگرفتارکرکے قرارواقعی سزادی جائے ، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔27مئی2010ء

ملیر کے علاقے کالابورڈ پر مسلح دہشت گردوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کونذرآتش کردیا، آتشزدگی سے ایمبولینس کوشدیدنقصان پہنچاجبکہ ڈرائیورمحمداسماعیل جھلس کر شدیدزخمی ہوگئے، خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے واقعہ کا مقدمہ درج کردایا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق بدھ کے روزخدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس نمبر EA-5508 ملیر کے علاقے کالابورڈنہال اسپتال کے باہرکھڑی تھی جبکہ ڈرائیورمحمداسماعیل ولدمحمدابراہیم ایمبولینس کی پچھلی سائیڈپرموجوداسٹریچرپر لیٹا ہوا تھا کہ ہنڈا 125موٹرسائیکل پرسواردومسلح دہشت گردوں نے ایمبولینس پرپیٹرول چھڑک کرآگ لگادی اورفرارہوگئے جس کے باعث ایمبولینس کوشدیدنقصان پہنچاجبکہ ایمبولینس ڈرائیورجھلس کرشدیدزخمی ہوگیا۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے واقعہ کامقدمہ سعودآبادتھانہ میں درج کرادیا گیا ہے۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملیر کے علاقے کالابورڈمیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کونذرآتش کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے اس واقعے کوکھلی دہشت گردی قراردیتے ہوئے کہا کہ شرپسندعناصردہشت گردی کے ذریعے پرامن شہریوں کومشتعل کرنے کی سازش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کونذرآتش کرنے کانوٹس لیاجائے اورشرپسندعناصرکوگرفتارکرکے سخت ترین سزادی جائے۔

## وزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ کی علالت پرالطاف حسین کااظہارتشویش

لندن۔۔۔27مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین وزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ کی علالت پرگہری تشویش کااظہارکیا ہے اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ وزیراعلیٰ سندھ قائم علیشاہ کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعاکریں۔

## شعیب بخاری، رضاہارون اورخالدبن ولایت نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کی عیادت کی

کراچی۔۔۔۔27مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیدشعیب احمدبخاری، رضاہارون اورحق پرست صوبائی وزیرخالدبن ولایت نے جمعرات کی شب کراچی کے نجی اسپتال جاکروزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیروہاں رہے اورانہوں نے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں گلدستہ بھی پیش کیااوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعاکی۔اس موقع پرسیدقائم علی شاہ نے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کاشکریہ اداکیا۔

## پولیس کی جانب سے اساتذہ پرتشددکانوٹس لیاجائے، ان کے جائزمطالبات تسلیم کیے جائیں۔ ، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔27مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گورنرہاؤس کے قریب اساتذہ کرام پرپولیس کے لاٹھی چارج اوراساتذہ کی گرفتاریوں کی سخت ترین الفاظ مذکی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اساتذہ کرام اپنے جائزمطالبات کے حق پرامن احتجاج کررہے تھےاور بہیمانہ تشددکانشانہ بنانا قابل مذمت ہے۔راابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اساتذہ پرتشددکانوٹس لیاجائے اوران کے جائزمطالبات تسلیم کیے جائیں۔

## کراچی وحیدرآباد میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لیا جائے، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔27 مئی 2010ء

حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی اور حیدرآباد میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی وحیدرآباد سمیت سندھ بھر میں جیسے جیسے گرمی کی شدت میں اضافہ ہورہا ہے بجلی کی فراہمی کے ذمہ دار اداروں کی جانب سے بجلی کی لوڈ شیڈنگ میں بھی غیر اعلانیہ اضافہ کردیا گیا ہے جس کے باعث شہری زندگی پوری طرح مفلوج ہوکر رہ گئی ہے اور شہری شدید ذہنی اذیت کا شکار ہوکر لوڈ شیڈنگ کیخلاف مشتعل ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور حیدرآباد کا شمار صوبہ سندھ کے بڑے شہروں ہوتا ہے جو صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کا محور ہیں یہاں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ میں کئی گناہ اضافہ ملکی معیشت کو بھاری نقصان پہنچانے کے مترادف ہے جبکہ کراچی میں درجنوں کارخانے اور فیکٹریاں پہلے ہی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ سے شہر میں پانی کی سپلائی پوری طرح بند ہے اور شہریوں کے روزمرہ کے کام بھی بری طرح متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کی جانب سے کراچی کو ملنے والی بجلی میں کٹوتی کی جارہی ہے جبکہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر قابو پانے کیلئے فرنس آئل خرید کر بجلی کی پیداوار بڑھانے کے بجائے بچت مہم پر تکیہ کیے ہوئے اور مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کررہی ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی اور حیدرآباد میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لیا جائے اور بجلی کی پیداوار بڑھانے کیلئے متعلقہ اداروں سے باز پرس کی جائے۔

## بلدیہ ٹاؤن کی سیاسی وسماجی رہنماء عبدالبشیر کی اہل خانہ اور ساتھیوں سمیت ایم کیو ایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔27 مئی 2010ء

بلدیہ ٹاؤن یونٹ 113 کے نامور سیاسی رہنماء عبدالبشیر نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین پر مکمل اعتماد، ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد اور پالیسیوں سے متاثر ہوکر اپنے اہل خانہ اور ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز اپنی رہائشگاہ واقع بلدیہ ٹاؤن میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی محمد حنیف شیخ سے ملاقات کے دوران کیا۔ عبدالبشیر نے اپنے اہل خانہ، رفقاء کے ہمراہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ شانہ بشانہ چلنے بھی عزم کیا۔ محمد حنیف شیخ نے عبدالبشیر کی جانب سے ان کے اہل خانہ اور ساتھیوں سمیت ایم کیو ایم میں شامل ہونے پر خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دی۔ اس موقع پر بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی اور یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## جماعت اسلامی پاکستان کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ ہے، خالد افتخار
## کراچی کی ترقی جماعتی لیڈروں سے دیکھی نہیں جارہی ہے، پریس کانفرنس پر تبصرہ

کراچی۔۔۔27 مئی 2010ء

ایم کیو ایم کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد افتخار نے جماعت اسلامی کے مرکزی نائب امیر سراج الحق کی پریس کانفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اخلاقی دلوالیہ پن کا شکار ہے۔ ایک بیان میں خالد افتخار نے کہا ہے کہ آج کراچی کو دنیا کے ترقی یافتہ شہروں میں شمار کیا جارہا ہے اور سابق سٹی ناظم کراچی کو دنیا کے بہترین میئرز میں شمار کیا جارہا ہے لیکن تعصب کی عینک لگانے والے جماعتی لیڈران سے کراچی کی ترقی دیکھی نہیں جارہی اور وہ گلا پھاڑ کر کراچی کو خطرناک شہر قرار دینے کی ناکام کوشش کررہے ہیں۔ خالد افتخار نے کہا کہ جماعتی لیڈروں خصوصاً متعصّبانہ ذہنیت رکھنے والے سراج الحق کو یاد رکھنا چاہیے کہ بدنام زمانہ دہشت گرد خالد شیخ، وحید برادران اور سری لنکن ٹیم پر حملہ کرنے والے دہشت گرد جماعت اسلامی سے تعلق رکھتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جماعت اسلامی سب سے بڑی دہشت گرد جماعت ہے اور اس کا وجود پاکستان کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ بن چکا ہے۔

## اے پی ایم ایس او کی مرکزی وائس چیئر پرسن عالیہ خان سے رابطہ کمیٹی اور اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔27مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی وائس چیئر پرسن محترمہ عالیہ خان کی دادی تہذیب النساء کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے محترمہ عالیہ خان سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل دے کی توفیق۔(آمین) دریں اثناء آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئر مین ومرکزی کابینہ نے بھی محترمہ عالیہ خان سے ان کی دادی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اورسوگواران کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔علاوہ ازیں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے گورنمنٹ کالج فارمین کراچی کے چارطلبہ کی سمندر میں ڈوب کرنا گہانی ہلاکتوں پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں جگہ عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## اسپورٹس کے سینئر صحافی علاؤالدین غوری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر اسپورٹس جرنلسٹ علاؤالدین غوری کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆